نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

7 مئی 2010ء

برائے فوری اجراء

270/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے پشاور کے اسکولوں کی بحالی کیلئے اعانت

پشاور (7 مئی 2010ء) ___ پشاور میں امریکی قونصل جنرل ای کینڈینس پٹنم اور خیبر پختونخوا کے ایڈیشنل سیکریٹری تعلیم قیصر عالم نے آج پشاور میں گورنمنٹ پرائمری اسکول فار بوائز ایگریکلچرل یونیورسٹی کا دورہ کیا جو ضلع پشاور کے اُن 187 اسکولوں میں سے ایک ہے جہاں حکومت امریکہ تدریسی ماحول کو بہتر بنانے کیلئے کوششیں کر رہی ہے۔

کینڈینس پٹنم نے اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ میں ہم لوگ اہلیان پشاور کی جرات مندی اور عزم وارادہ سے بڑے متاثر ہیں جس کا مظاہرہ اُنہوں نے نوجوانوں کو تعلیمی اداروں میں بھیج کر کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ اسکولوں کی بحالی کا یہ پروگرام امریکی عوام کی جانب سے آپ کی اعانت کا ایک ادنیٰ سا انداز ہے اور ہم امید کرتے ہیں کہ یہ کوشش آپ کے بچوں کی تعلیم کے معیار کو بہتر بنائے گی۔

بحالی کے اس منصوبہ میں، جس کے لئے مالی اعانت امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی نے فراہم کی ہے، رنگ وروغن، نئے پنکھے اور ٹیوب لائٹوں کی تنصیب، چاردیواری کی تعمیر، فراہمی ونکاسی آب، باتھ رومز کی بحالی اور الیکٹرک کولرز کی فراہمی، ابتدائی طبی امداد کے صندوق، ڈیسک اور اساتذہ کے لئے کرسیوں کی فراہمی شامل ہیں۔ توقع ہے کہ تقریباً 26,000 طالبعلم اس منصوبہ سے مستفید ہوں گے۔

اسکولوں کی بحالی کا یہ منصوبہ پشاور میں امریکی قونصل خانہ کے اربن امپروومنٹ پلان کا حصہ ہے۔ اس پلان میں جنوبی بائی پاس جس کا حال ہی میں افتتاح ہوا ہے، پرانا باڑہ اور یونیورسٹی ٹاؤن میں آٹھ دیگر سڑکوں کی مرمت، شاہی باغ پارک کی بہتری اور لیڈی ریڈنگ اسپتال اور حیات آباد میں خیبر میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کو بہتر بنانے کے کام شامل ہیں۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3